**بقیہ 1**

تیاری کا تعلق کامرس، سائنس سرٹیفکیٹ، ڈومیسائل سرٹیفکیٹ اور میٹرک انٹر مارک شیٹ اور افسرز کے لیے متعلقہ شعبے کے لیے ڈگری کا ہونا ضروری ہے سیلر کیٹیگری میں عمر کی مقررہ حد تم تمبر تک 16 سے 20 سال ہے اور اس کے علاوہ آزاد کشمیر کے دور دراز علاقہ جات جس میں نیلم، باغ، حویلی، ہٹیاں، کیل، لیپہ، شاردہ، عباس پور، بھمبر اور کوٹلی، فتح پور تحصیل کے لیے عمر کی مقررہ حد میں ایک سال جبکہ نمبرات کی حد میں 15 فیصد کی خصوصی رعایت بھی حاصل ہے۔ اس کے علاوہ پاکستان نیوی کی ریکروٹمنٹ ٹیم وقتاً فوقتاً مختلف کالجز اور یونیورسٹیز میں جا کر پاکستان نیوی کے بارے میں آگاہی فراہم کرتی ہیں۔ اللہ کے فضل و کرم سے کشمیری عوام کی امنگوں کے عین مطابق آزاد کشمیر مظفرآباد میں بھرتی دفتر کا قیام بھی عمل میں آگیا ہے جو پچھلے سات سال سے مکمل فعال اور تمام ریکروٹمنٹ کے عمل کو ایک ہی چھت تلے مکمل پراسس کر رہا ہے جو کہ کشمیری عوام کے لیے پاکستان نیوی کا ایک تحفہ ہے۔ پاکستان نیوی آفس جو کہ مظفرآباد میں وزیراعظم ہاؤس کے بالمقابل جلال آباد میں واقع ہے آپ کو مکمل معلومات اور آگاہی کے لیے ہر وقت دستیاب اور تیار ہیں۔ معلومات اور آگاہی کے لیے مندرجہ ذیل نمبر پر رابطہ کر سکتے ہیں 05822920930۔ آئیے اور اپنی آنے والی نسلوں کے بہتر اور باوقار مستقبل کے لیے اس فورس کا حصہ بنیے اور ملک و قوم کی ترقی اور وقار میں اپنا کردار ادا کیجیے۔ پاکستان نیوی کے متعلق مزید معلومات اور آگاہی کے لیے پاکستان نیوی کی ویب سائٹ Www. joinpaknavy.gov. pk ملاحظہ کیجئے۔

**بقیہ 2**

تعمیر بنائے جا رہے ہیں، ہم عدالت میں خاتونوں کے لیے پیش ہو رہے ہیں۔ علیمہ خان نے مریم نواز کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ پنجاب مریم نواز کے زیر انتظام ہے وہ خوف سے بھری ہوئی خاتون ہے۔ صحافی نے جب علیمہ خان سے سوال پوچھا کہ شیخ رشید بھی پیش ہوئے ہیں ان سے کیا بات ہوئی؟ تو انہوں نے کہا کہ شیخ رشید سے ٹرائل سے متعلق بات ہوئی۔

